09.08.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن
Music

-----------------------------

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت دنیا میں ایک متحرک جمہوریت کی مثال بن گیا ہے اور وہ جلد ہی دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے والا ہے۔
☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے لوک سبھا کو بتایا کہ روسی فوج میں، جو 91 بھارتی باشندے بھرتی کئے گئے تھے، اُن میں سے 14 کو سبکدوش کردیا گیا ہے۔
☆ BJP کے ارکان پارلیمنٹ نے درج فہرست قبائل اور درج فہرست ذاتوں کیلئے امیر طبقے سے متعلق سپریم کورٹ کی رائے زنی کے بارے میں وزیراعظم نریندرمودی کو ایک یادداشت پیش کی ہے۔
☆ سپریم کورٹ نے عام آدمی پارٹی کے رہنما منیش سیسودیا کو شراب پالیسی کے مبینہ گھوٹالے میں ضمانت دے دی ہے۔
☆ اور پیرس اولمپکس میں 57 کلوگرام کے مردوں کے فری اسٹائل کُشتی میں امن سہراوت کا مقابلہ کانسے کے تمغے کیلئے Puerto Rico کے Darian Cruz سے ہوگا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Prez Diaspora**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آکلینڈ میں آج بھارتی برادری کی طرف سے دیئے گئے ایک استقبالیے سے خطاب کیا۔ اِس تقریب میں بھارتی حکومت کے وزیر مملکت George Kurian، لوک سبھا ارکان پارلیمنٹ Jugal Kishore شرما، Saumitra Khan، ہائی کمشنر Neeta بھوشن اور بھارتی برادری کے ایک بڑے اجتماع میں شرکت کی۔ صدر جمہوریہ نے بھارتی برادری سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت دنیا میں ایک متحرک جمہوریت کی مثال بن گیا ہے اور وہ جلد ہی دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے والا ہے۔ انہوں نے کہاکہ نیو زیلینڈ کو خاص طور پر تعلیم کے میدان میں بھارت کی ترقی میں تعاون کی مہارت اور تجربہ حاصل ہے۔ صدر مرمو نے خوشی کا اظہار کیا کہ دیوالی، اونم، ہولی اور پونگل جیسے بھارتی تہوار، نیوزیلینڈ میں جوش وخروش کے ساتھ منائے جاتے ہیں۔ اُنہوں نے بھارتی تہواروں، روایات اور ریت رواج کو برقرار رکھنے پر بھارتی برادری کی تعریف کی۔

**LS-Jaishankar Russia**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کہا ہے کہ ابھی تک 91 بھارتی باشندوں کے کیسز ہیں، جنہیں روس کی فوج میں بھرتی کیا گیا ہے۔ لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہاکہ بدقسمتی سے اِن میں سے آٹھ افراد فوت ہوچکے ہیں اور 14 افراد کو سبکدوش کیا جاچکا ہے۔ اُنہوں نے بتایا کہ 69 بھارتی شہری، روس کی فوج سے چھوڑے جانے کے منتظر ہیں۔ وزیر موصوف نے کہاکہ بھارت اِس معاملے پر سنجیدہ ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ اُنہوں نے اِس معاملے پر روس کے وزیر خارجہ کے ساتھ کئی بار بات کی ہے۔ اُنہوں نے مزید بتایا کہ جب وزیر اعظم نریندر مودی پچھلے مہینے ماسکو میں تھے، جناب مودی کو روس کے صدر نے یقین دہانی کرائی تھی کہ کوئی بھی بھارتی شہری، جو روس کی فوج میں خدمات انجام دے رہا ہے، اُسے سبکدوش کرکے چھوڑ دیا جائے گا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ مشکل یہ ہے کہ روسی حکام کا کہنا یہ ہے کہ یہ بھارتی شہری، روسی فوج میں خدمات انجام دینے کیلئے معاہدہ کرکے شامل ہوئے تھے۔ البتہ اُنہوں نے اشارہ دیا کہ بہت سے معاملات میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ بھارتی باشندوں کو گمراہ کیا گیا۔اِس معاملے پر اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں وزیرموصوف نے بتایا کہ CBI نے 19 افراد اور کمپنیوں کے خلاف، ایک فوجداری مقدمے کا اندراج کیا ہے۔ انہوں نے کہاکہ انسانی اسمگلنگ کرنے والے 10 لوگوں کے خلاف وافر شواہد ملے۔ تفتیش کے دوران دو ملزمین کو اپریل میں اور مزید دو کو مئی میں گرفتار کیا گیا۔ سبھی چاروں ملزمین عدالتی حراست میں ہیں۔سائبر گھوٹالوں پر جنوب مشرقی ایشیا میں کام کرنے کیلئے لوگوں کو گمراہ کئے جانے کے بارے میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہاکہ بھارتی حکومت نے اِس معاملے پر سیاسی سطح پر سبھی متعلقہ حکومتوں سے بات چیت کی ہے۔ ابھی تک 650 بھارتی باشندوں کو کمبوڈیا سے، 450 کو میانما سے اور 548 کو Laos سے وطن واپس بھیجا جاچکا ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ یہ ایک ایسا معاملہ ہے، جس کے بارے میں حکومت کافی چوکنا ہے۔

**PM-BJP-SC-ST**

لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے ایس سی/ایس ٹی برادریوں سے تعلق رکھنے والے بی جے پی کے ممبران پارلیمنٹ نے آج پارلیمنٹ ہاؤس میں وزیر اعظم مودی سے ملاقات کی۔ اِن ممبران پارلیمنٹ نے ایس سی/ایس ٹی کیلئے اعلیٰ طبقے پر سپریم کورٹ کی رائے زنی کے تعلق سے مشترکہ طور پر ایک میمورنڈم سونپا۔ میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے بی جے پی کے ممبر پارلیمنٹ بھولا سنگھ نے کہا کہ انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اس حکم پر عمل نہیں کیا جانا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے انہیں یقین دہانی کرائی ہے کہ عدالت عالیہ کی یہ محض ایک رائے زنی ہے۔

**Sisodia Bail SC**

سپریم کورٹ نے آج دِلی کے سابق نائب وزیراعلیٰ اور عام آدمی پارٹی کے رہنما منیش سیسودیا کو، شراب پالیسی کے مبینہ گھوٹالے سے متعلق کیس میں ضمانت دے دی ہے۔ جسٹس بی آر گوائی اور جسٹس کے وی وِسوناتھن کی بنچ نے CBI اور ED دونوں مقدمات میں، سیسودیا کی طرف سے داخل کی گئی ضمانت کی درخواستوں کو منظوری دے دی۔ عدالت نے کہاکہ سیسودیا کو اِس امید میں، غیرمعینہ وقت کیلئے حراست میں رکھے جانے سے، کہ مقدمہ تیزی سے نمٹایا جائے گا، دفعہ 21 کے تحت ذاتی آزادی کے بنیادی حق کی شدید خلاف ورزی ہوتی ہے۔ عدالت نے یہ بھی کہاکہ درخواست دہندہ کے گہرے سماجی رشتے ہیں اور اُس کے فرار ہونے کا کوئی اندیشہ نہیں ہے۔ اِس کیس میں زیادہ تر شواہد بھی، دستاویزی نوعیت کے ہیں، جو اکٹھا کئے جاچکے ہیں، لہٰذا اِن سے چھیڑ چھاڑ کا بھی کوئی امکان نہیں ہے۔ 2 ججوں کی اِس بنچ نے 6 اگست کو اپنا فیصلہ محفوظ رکھا تھا۔ بنچ نے نچلی

عدالت اور ہائی کورٹ کی اِس رائے سے اتفاق نہیں کیا کہ مقدمے میں تاخیر، سیسودیا کی وجہ سے ہی ہوئی ہے۔عدالت نے سیسودیا سے کہاکہ وہ 10 لاکھ روپے کے بقدر ضمانت کے بونڈز داخل کریں، جس میں ایک ہی رقم کی دو ضمانتیں ہوں۔ نیز وہ اپنا پاسپورٹ بھی جمع کرائیں۔CBI نے سیسودیا کو پچھلے سال 26 فروری کو بدعنوانی کی روک تھام کے قانون کے تحت گرفتار کیا تھا، جبکہ ED نے اُنہیں اِسی سال 9 مارچ کو، کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام کے قانون کے تحت گرفتار کیا تھا۔

**PM-Quit India**

آج بھارت چھوڑو تحریک کی یاد میں وزیراعظم نریندرمودی نے اُن افراد کو خراج عقیدت پیش کیا جنھوں نے مہاتما گاندھی کی زیرقیادت اِس تحریک میں حصہ لیا تھا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے بھارت چھوڑو تحریک کو جدوجہد آزادی میں ایک اہم لمحہ قرار دیا۔ اِس موقع پر ایک ویڈیو پیغام کے ذریعے جناب مودی نے نو آبادیاتی راج سے آزادی کیلئے بھارت کی جدوجہد میں اِس تحریک کے اہم رول کو اجاگر کیا۔ وزیراعظم نے زور دے کر کہاکہ بھارت چھوڑو تحریک کی وجہ سے ملک کی موجودہ اجتماعی آواز ایک ایسے ملک کی وکالت کرتی ہے، جہاں بدعنوانی، خاندانی سیاست اور خوشنودی نہ ہو۔ جناب مودی نے یوم آزادی سے قبل اپنے سوشل میڈیا ہینڈل پر اپنی پروفائل تصویر بدل کر ترنگا کردی ہے۔ ایک پیغام میں جناب مودی نے لوگوں کی اِس بات کیلئے حوصلہ افزائی کی کہ وہ ہر گھر ترنگا مہم کو ایک بار پھر ایک یادگار عوامی تحریک بنائیں۔ وزیراعظم نے اُن پر زور دیاکہ وہ اپنی پروفائل تصویر بدل کر اور ہر گھر ترنگا ویب سائٹ پر سیلفی اپلوڈ کرکے ترنگے کا جشن منائیں۔

**BIS Ayush**

بھارتی معیارات کا بیورو BIS آیوش شعبے میں معیارات قائم کرنے کیلئے ایک محکمہ قائم کرے گا۔ صارفین امور، خوراک اور تقسیم عامہ کی وزارت نے بتایا کہ نیا محکمہ، حفاظت، مستعدی اور آیوش مصنوعات کی کوالٹی نیز طور طریقوں کو فروغ دینے پر توجہ دے گا۔ اُس نے یہ بھی کہا کہ یہ محکمہ آیوروید، یوگ، Naturopathy، یونانی، Siddha، Sowa-Rigpa اور ہومیوپیتھی جیسے روایتی بھارتی طریقہ علاج کو شامل کرے گا۔

**Kerala Wayanad**

کیرالہ میں پولیس، فائر فائٹرس، سول ڈیفنس ٹیم کے رضاکار آج وائناڈ میں Punchirivattom اور Mundakkai علاقوں میں اپنی تلاش کی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔اِس دوران Kanthanpara اور سوچی پارہ جھرنوں کے درمیان واقع ایک علاقے سے وائناڈ کے مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعے میں جان گنوانے والے چار اور افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ناقابل رسائی خطے سے لاشوں کو طیارے کے ذریعے لے جانے کا بندوبست کیاگیا ہے۔ لوگوں نے آج صبح وائناڈ ضلعے کے Nenmeni، Pozhuthana اور قریب کے علاقوں سے زمین کے ہلنے اور غیر معمولی آوازوں کو سنا ہے۔ حکام نے اِس واقعہ کے بعد Ambalavayal میں سرکاری Lower پرائمری اسکول میں چھٹی کا اعلان کردیاہے۔

**Trump Harris Debate**

ریپبلکن پارٹی کے امریکی صدارتی امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ اور اُن کی ڈیموکریٹک حریف کملا ہیرس اگلے مہینے کی 10 تاریخ کو ٹیلی ویژن پر ایک مباحثے میں شامل ہوں گے۔ ABC نے اعلان کیا کہ ٹرمپ اور ہیرس نے 10 ستمبر کے اِس مباحثے سے اتفاق

کیا ہے، جس سے اِن آئندہ انتخابات کے بارے میں کوئی اندازہ لگایا جاسکے گا۔ ٹرمپ نے فلوریڈا Estate میں اپنی Palm Beach رہائش گاہ پر نامہ نگاروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ چار اور 25 ستمبر کو مزید مباحثہ چاہتے ہیں، جو Fox اور NBC پر نشر کئے جائیں۔ البتہ ہیرس کی مہم کے ایک اہلکار نے یہ بات دہرائی کہ 4 ستمبر کا مباحثہ منسوخ کردیا گیا ہے۔

**Paris-Olympics**

آج پیرس اولمپکس میں کُشتی، گولف اور اَیتھیلیٹکس میں بھارتی کھلاڑی اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔ پیرس اولمپکس میں بھارتی پہلوان امن سہراوت بھارت کے لیے Wrestling میں پہلا تمغہ حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔ کانسے کے تمغے کے لیے Champ-de Mars Arena میں مردوں کے 57 کلو گرام مقابلے میں آج ان کا سامنا Puerto Rico کے Darian Cruz سے ہوگا۔یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات پونے دس بجے شروع ہوگا۔ گولف میں ادتی اشوک اور دیکشا ڈاگر تیسرے راؤنڈ میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گی۔ اَیتھلیٹکس میں بھارت کی مردوں اور خواتین کی 4x400 میٹر ریلے ٹیمیں بھی آج سہ پہر Stade de France میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گی۔

**Olympics Neeraj Hockey**

پیرس اولمپکس 2024 میں بھارت کے مایہ ناز ایتھلیٹ نیرج چوپڑا نے کل رات 89 اعشاریہ چار-پانچ میٹر دور نیزہ پھینک کر مردوں کے اِس مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔پاکستان کے ارشد ندیم نے اِس مقابلے میں اولمپک کے ابھی تک کے سبھی ریکارڈ توڑ دیئے۔ اُنھوں نے 92 اعشاریہ نو-سات میٹر دور بھالا پھینک کر سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ نیرج ایسے پہلے بھارتی ایتھلیٹ بن گئے ہیں، جنھوں نے آزادی کے بعد سے اب تک Track and Field اَیتھلیٹکس میں دو تمغے حاصل کئے ہیں۔ وہ بھارت کے دوسرے اور مجموعی طور پر تیسرے ایتھلیٹ ہیں، جنھوں نے اولمپکس میں ایک کے بعد ایک تمغے حاصل کئے ہیں۔ نیرج ایسے پانچویں بھارتی ایتھلیٹ ہیں، جنھوں نے ایک سے زیادہ انفرادی اولمپک تمغے حاصل کئے ہیں۔اِسی دوران بھارتی ہاکی ٹیم نے پچھلے 52 سال میں پہلی بار اولمپکس میں لگاتار دو تمغے حاصل کئے ہیں۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے نیرج چوپڑا اور بھارتی ہاکی ٹیم کو پیرس اولمپکس میں اِن کامیابیوں پر مبارکباد دی ہے۔